مرحوم مشاہیر کے خطوط

حضرت شیخ الحدیث مدظلہ اور ایڈیٹر الحق کے نام

مرتب: سمیع الحق

تبرکات و نوادر

مشاہیر علم و فضل کے مکتوبات

دارالعلوم اور الحق کے ریکارڈ میں مشاہیر علم و فضل کے خطوط کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے، ایسے خطوط کو دستبرد زمانہ سے محفوظ کرنے کیلئے الحق میں شائع کیا جاتا ہے۔ درمیان میں یہ سلسلہ کچھ کٹ گیا تھا، اب انشاء اللہ اسے جاری رکھا جائیگا۔ (ادارہ)

مولانا ابوالوفا افغانیؒ۔ دائرۃ المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن

جلال کوچہ ۴۶۵ حیدرآباد دکن ۲

دوشنبہ ۱۲ محرم ۱۳۸۹ھ

مولانا المحترم دام کرم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بعافیت ہوگا۔ آپ کا موقر مجلہ الحق رجب و شعبان کے اعداد اور اس کے بعد بھی تا ذی الحجہ متواتر موصول ہوتے رہے۔ آپ کی اس عنایت پر میں تہ دل سے شاکر ہوں ___ ماشاء اللہ بہت ہی علمی و معیاری مجلہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے کہ اسے دائم رکھیں اور قوم کو اس سے منفعت پہنچے۔ والسلام

(ابوالوفا)

حضرت خواجہ غلام نظام الدین تونسویؒ ۲

از تونسہ شریف

۱۴ شعبان

فضیلت مآب شرافت نشان محترم من زاد لطفہٗ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، آپ کا عنایت نامہ آج ورود فرما ہوا۔ تونسہ شریف کی